درخواست برائے معاشی معاونت

برائے مہربانی مریض سے متعلق مطلوبہ معلومات درج کریں۔ یہ سسٹم میں آپ کا اکاؤنٹ تلاش کرنے میں ہماری مدد کرے گا۔ اگر آپ مریض نہیں ہیں تو معاونت فراہم کرنے کی صورت میں مطلوبہ جگہ پر اپنا نام درج کریں۔ آپ کو مریض کے ساتھ اپنا رشتہ بھی بتانا ہوگا۔ اکاؤنٹ کی بقیہ رقم تمام وسائل کی ادائیگی کے بعد باقی بچ جانے والی رقم ہے۔

ہمیں آپ اور آپ کے اہلِ خانہ کی آمدنی کی تفصیلات درکار ہیں۔ گھر کے ہر فرد کا نام، عمر، باہمی رشتہ داری، کل ماہانہ آمدنی اور آمدنی کا ذریعہ درج کریں۔ کل ماہانہ آمدنی کسی بھی ٹیکس اور کٹوتیوں سے پہلے پر مشتمل ہوتی ہے۔ ذریعہ آمدنی عام طور پر فرد کی نوکری ہوتا ہے۔ اس صورت میں، ان کے مالک کا نام لکھیں۔ آمدنی کسی غیر روایتی اور مثبت ذرائع سے بھی ہو سکتی ہے۔ برائے مہربانی گھر کے ہر درج کردہ فرد کا مخصوص ذریعہ آمدنی فراہم کریں۔ مریض کے فیڈرل انکم ٹیکس ریٹرن پر خاندان کے تمام افراد شامل ہونگے اور انکا اندراج کیا جائے گا۔ اگر زیادہ جگہ درکار ہو تو علیحدہ کاغذ استعمال کر سکتے ہیں۔

آپ سے آپ کی املاک، قرضہ جات، آمدنی اور اخراجات کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ آپ کو متعلقہ تفصیلات پر کرنے کی ضرورت ہو گی جو کہ آپکے گھر اور گاڑی کی قیمت پر مشتمل ہو گی۔ آپ کے ماہانہ اخراجات آپ کے بلوں پر مشتمل ہوں گے جس میں خوراک، طبی سہولیات، کھانے پینے کے اخراجات، کپڑے، اور آمد و رفت کے اخراجات شامل ہیں۔ برائے مہربانی اخراجات کی کیٹیگری کے ساتھ موجود خانے پر نشان لگائیں جو کہ آپ کے ماہانہ اخراجات کو ظاہر کرتا ہے۔ اپنے بلوں کی کوئی دستاویز نہ بھیجیں جب تک کہ کہا نہ جائے۔

آپ کی گزشتہ تین ماہ کی خاندانی آمدن ، جو کہ گھر کے درج شدہ افراد کی کل آمدن کا مجموعہ ہو گی، اس کو تین کے ساتھ ضرب دیا جائے گا ۔

برائے مہربانی خالی جگہ میں تمام موجودہ چیکنگ، سیونگ، سرمایہ کاری یا ریٹائرمنٹس اکاؤنٹس درج کریں۔ اگر کچھ بھی موجود نہیں ہے تو، "کچھ نہیں" لکھیں۔

آپکے پاس دوسرے دستیاب ذرائع کیا ہیں؟ برائے مہربانی درج شدہ وسائل کے ساتھ موجود تمام خانوں پر نشان لگائیں جو کہ آپ کو دستیاب ہیں۔ کوئی اور ذریعہ، جس کی بابت درج نہ ہو، اسے لکھ کر آپ اس پر نشان لگا سکتے ہیں۔

کیا یہ کام کسی حادثہ کی وجہ سے ہے؟ اگر ہاں، اور آپ کے پاس کوئی وکیل ہے جو آپ کی نمائندگی کرے؛ تو مہربانی کرکے درخواست پر اس کی نشان دہی کر دیں۔ آپ کو وکیل سے متعلقہ رابطہ معلومات مہیا کرنا ہوں گی۔

سنتارا کو آپ کی درخواست پر غور کرنے کے لیے آپ کی آمدنی سے متعلقہ ثبوت کی ضرورت پڑ سکتی ہے آمدنی کے زریعہ کا ثبوت اپنی درخواست کیساتھ بھجوانے پر ہمیں آپ کی درخواست کو پراسس کرنے میں آسانی ہو گی۔ آمدنی کے ثبوت کی ذیل میں مندرجہ زیل چیزیں شامل ہو سکتی ہیں:

a) تین حالیہ پے چیک کے ٹکڑے۔
b) حالیہ فیڈرل انکم ٹیکس ریٹرن کے امدادی جدول
c) دو حالیہ بنک اور سرمایہ کاری رسیدیں
d) اگر بے روزگار ہے تو لیٹر آف سپورٹ

آپ کی مخصوص معاشی حالت اورمالی صورت حال کے تناظر میں اضافی ثبوت کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

اس درخواست پر دستخط کرنے کے بعد آپ اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ جو معلومات فراہم کی گئی ہیں وہ درست ہیں۔ غیر دستخط شدہ یا نامکمل درخواست کو زیر غور نہیں لایا جائے گا۔

آپ کی مکمل درخواست کسی بھی ہسپتال کے رجسٹریشن ایریا میں بھیجی جا سکتی ہے۔ آپ مالی معاونت کے لیے ہسپتال کی طرف درخواست ارسال کر سکتے ہیں۔ مالی معاونت کے دفتر کا پتہ آن لائن بھی مل سکتا ہے۔ www.Sentara.com/financialassistance. یہ معلومات مالی معاونت کی پالیسی پر مشتمل ہیں اور سادہ زبان میں ان کا خلاصہ درج ہے۔

اگر آپ کو اس درخواست کے مکمل کرنے کے لیے مدد درکار ہے تو آپ فنانشل اسسٹنس آفس سےفون پر رابطہ کر سکتے ہیں جو کہ آپ کی بلنگ سٹیٹمینٹ کے فرنٹ پر درج ہے۔

SENTARA®

آپ کی کمیونٹی، ناٹ فار پرافٹ ہیلتھ پارٹنر